عزیزی والدین / سرپرست:

ہم آپ کو یہ اطلاع دینے کے لیے تحریر کر رہے ہیں کہ نیویارک شہر پبلک اسکولز(NYCPS) اور میڈیکیڈ کے مطلوبات کے ایک حصے کے طور پر، NYCPS نیو یارک شہر کے اسکولوں میں جانے والوں طلبا کو فراہم کی جانے والی پیشہ ورانہ، جسمانی اور گویائی تھیراپِسٹ خدمات کا ڈاکٹروں کے ذریعےجائزہ لے رہی ہے۔

یہ ڈاکٹر آپ کے بچے کا اسکول میں یا ریموٹلی مختصر مشاہدہ کریں گے اور طالب علم کے تھیراپِسٹ سے بات کریں گے۔ اس مشاہدہ کرنے والے ڈاکٹر کا آپ کے بچے کے ساتھ ذاتی رابطہ نہیں ہوگا، اور تمام مشاہدات طلبا کے تھیراپسٹ کی موجودگی میں انجام دیے جائیں گے۔ یہ جائزے IEP طریقِ کار کا حصہ نہیں ہیں اور اس سے آپکے بچے کی موجودہ سہولیات متاثر نہیں ہونگی۔ یہ جائزہ آپ کے لیے بلا قیمت منعقد کیا جائیگا اور آپکے بچے کے موجودہ صحتیاتی بیمے پر اثر انداز نہیں ہوگا جو صیغئہ راز میں رکھے جائیں گے۔ برائے مہربانی متوجہ ہوں کی میڈیکیڈ کی اہلیت کی معلومات ڈاکٹروں یا اسکول کے عملے کو نہیں بتائی جاتی ہیں؛ اس وجہ سے ہم یہ جائزہ ان تمام طلبا کے لیے انجام دیتے ہیں جن کے IEP پر پیشہ ورانہ علاج اور / یا جسمانی علاج اور / یا گویائی معالجہ درج ہے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ یہ جائزے NYCPS کی آپ کے بچے کو فراہم کی جانے والی صحتیاتی خدمات کو بہتر بنانے کی کوششوں میں مددگار ثابت ہوں گے اور ان خدمات کی معاونت کے لیے وفاقی امداد کو یقینی بنائیں گے۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو برائے مہربانی اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

بخلوص،

NYCPS اسکول دفترِ صحت
NYCPS دفتر برائے میڈیکیڈ عمل درآمد